MZK / Shabbir

13-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے ووٹنگ شروع ہوگئی ہے۔

2 اس مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کی 96 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

3 اس کے ساتھ ہی آندھرا پردیش اور اڈیشہ میں آسمبلی کے انتخابات بھی کرائے جارہے ہیں۔

4 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم جاری ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندرمودی، بہار میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

5 چھ بھارتی پہلوانوں نے، پیرس اولمپکس میں جگہ بنائی ہے۔

6 اور آئی پی ایل کرکٹ میں
رائلس چیلنجرس بینگلورو نے دلی کیپٹلس کو 47 رن سے ہرایا۔اس طرح اُس نے پلے آف سے متعلق اپنی امیدیں برقرا رکھی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

LS Fourth Phase

آج لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت، 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی، 96 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔اِن حلقوں میں آندھرا پردیش کی 25 سیٹیں، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13، مہاراشٹر کی گیارہ، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ آٹھ، بہار کی پانچ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کی چار چار سیٹوں پر ووٹ ڈالے جارہے ہیں، نیز مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کی ایک سیٹ پر بھی ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی جو شام6 بجے تک جاری رہے گی۔

انتخابی کمیشن نے کہا کہ تلنگانہ کے 17 پارلیمانی حلقوں میں سے کچھ پر پولنگ کے اوقات میں اضافہ کیاگیاہے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ووٹ دے سکیں۔

اِس مرحلے میں، آٹھ کروڑ 97 لاکھ مردوں اور آٹھ کروڑ 73 لاکھ خواتین سمیت 17 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ ووٹرس حق رائے دہی کے مجاز ہیں۔ اس چوتھے مرحلے کیلئے ایک ہزار 717 امیدوار میدان میں ہیں۔

آج کی اِس ووٹنگ میں بہت سے ممتاز امیدوار بھی شامل ہیں۔ مرکزی وزراء اور بی جے پی رہنما گری راج سنگھ، ارجن منڈا، جی کشن ریڈی، اجے کمار مشرا، جے ڈی یو کے راجیو رنجن سنگھ، سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو، کانگریس رہنما ادھیر رنجن چودھری، ٹی ایم سی کی

مہوا موئترا اور شتروگھن سنہا اور AIMIM کے اسدالدین اویسی اِن ممتاز امیدواروں میں شامل ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ انتخابی کمیشن نے پولنگ کیلئے زبردست انتظامات کئے ہیں۔

VC- Suparna

*ایک لاکھ 92 ہزار پولنگ مراکز پر 19 لاکھ سے زیادہ پولنگ افسران کو تعینات کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق اس مرحلے میں جن پارلیمانی حلقوں میں پولنگ ہو رہی ہے وہاں معمول یا معمول سے نیچے درجہ حرارت رہنے کی توقع ہے اور ان علاقوں میں گرمی کی لہر جیسی صورتحال نہیں ہوگی۔ تاہم ووٹروں کی سہولت کے لیے ، انتخابی کمیشن نے تمام پولنگ مراکز پر بہتر بندوبست کیے ہیں۔ ان میں پانی، بیت الخلا، Ramps، رضاکار، Wheel Chairs اور بجلی شامل ہیں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہر ووٹر بہ آسانی اپنا ووٹ ڈال سکے جن میں بزرگ اور معذور افراد شامل ہیں۔ ابھی تک 20 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 283 پارلیمانی حلقوں میں پچھلے تین مرحلوں میں پولنگ کا عمل خوش اسلوبی سے مکمل ہوا ہے۔*

*سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شبانہ رحمان*

اس کے علاوہ آندھرا پردیش میں ایک ہی مرحلے میں 175 سیٹوں اور اڈیشہ کی 28 اسمبلی سیٹوں کیلئے بھی آج انتخابات کرائے جارہے ہیں۔x

## Andhra Pradesh Polling

آندھرا پردیش میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے لیے ایک ساتھ ووٹنگ ہو رہی ہے۔ ریاست کے سبھی 175 اسمبلی حلقوں اور 25 لوک سبھا سیٹوں کے لیے پولنگ کا عمل جاری ہے۔ لوک سبھا کے لیے کم و بیش 454 امیدوار جبکہ اسمبلی انتخابات کے لیے دو ہزار 387 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

چار کروڑ سے زیادہ مجاز ووٹرز اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔x

## Odisha Polling

اڈیشہ میں آج لوک سبھا کی چار اور اسمبلی کی 28 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ چار لوک سبھا سیٹوں میں کالاہانڈی،Nabarangpur، Berhampur اور Koraput شامل ہیں۔ اڈیشہ میں مجموعی طور پر 147 اسمبلی سیٹیں ہیں۔ اسمبلی حلقوں میں کالاہانڈی ضلع کے دھرم گڑھ حلقے میں سب سے زیادہ تقریباً دولاکھ 62 ہزار ووٹر ہیں۔ اس کے برعکس ضلع کوراپٹ کے لکشمی پور حلقے میں سب سے کم تقریباً ایک لاکھ 74 ہزار ووٹر ہیں۔ Ganjam ضلع کے Berhampur حلقے سے سب سے زیادہ 17 امیدوار اپنی قسمت آزمارہے ہیں جبکہ Jharigaon، Nanbrangpur اور Dabugaon حلقوں میں سب سے کم تین تین امیدوار میدان میں ہیں۔x

## MP Polling

مدھیہ پردیش میں آج قبائلی اکثریت والے Malwa Nimar خطے میں آٹھ سیٹوں پر ووٹنگ ہو رہی ہے۔

ان سیٹوں پر پچاس لاکھ سے زیادہ قبائلی ووٹرس فیصلہ کُن رول ادا کر سکتے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sajeev Sharma

*مدھیہ پردیش میں اندور، Dhar، رتلام، کھنڈوا، اُجین، مندسور، کھرگون اور Dewas میں چوتھے مرحلے کے تحت آٹھ لوک سبھا حلقوں میں اُناسی امیدوار انتخابی میدان*

میں ہیں۔
اِن امیدواروں میں 74 مرد اور پانچ خاتون امیدوار ہیں۔
اِس مرحلے کے کچھ ممتاز امیدواروں میں اندور سے موجودہ ممبر پارلیمنٹ شنکر لال وَانی، رتلام سے کانتی لال بھوریا، کھنڈوا سے ذینیشور ٹپیل، کھرگون سے گجیندر سنگھ ٹپیل، مندسور سے سدھیر گپتا، اجین سے اَنِل Firojia، اور Dewas سے مہیندر سنگھ سولنکی شامل ہیں۔
اِس مرحلے میں ایک کروڑ 63 لاکھ سے زیادہ ووٹروں کے لیے 18 ہزار پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ اِن ووٹروں میں تقریباً 82 لاکھ 48 ہزار مرد اور 81 لاکھ 22 ہزار خواتین شامل ہیں۔
اِس مرحلے میں 18 سے 29 سال کی عمر کے تقریباً 45لاکھ ووٹرس کا رول نہایت اہم خیال کیا جا رہا ہے۔
بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں فہیم احمد

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Rally

وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی آج بہار میں ایک کے بعد ایک تین انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی LJP (رام ولاس) کے سربراہ چراغ پاسوان کی حمایت میں حاجی پور میں اپنی پہلی عوامی میٹنگ میں شرکت کریں گے جو اپنے والد آنجہانی رام ولاس پاسوان کی روایتی سیٹ پر انتخاب لڑ رہے ہیں۔ RJD نے سابق وزیرمملکت Sheo Chandra Ram کو حاجی پور سیٹ سے کھڑا کیا ہے۔

جناب مودی آج سہ پہر NDA امیدواروں کی حمایت میں مظفر پور اور چھپرا میں دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

جناب مودی کا آج صبح پٹنہ میں سکھوں کے دسویں گرو گوبند سنگھ جی مہاراج کی جائے پیدائش تخت شری ہرمندر صاحب کا دورہ کیے جانے کا بھی پروگرام ہے۔

وزیراعظم بہار کے دو روزہ دورے پر کل پٹنہ پہنچے ہیں۔x

UP Road Show and Others

اترپردیش میں انتخابی مہم انجام دینے والی کئی سرکردہ شخصیات اپنے پارٹی امیدواروں کے لیے ریلیاں منعقد کریں گی جبکہ سبھی کی نگاہیں، وارانسی پر رہیں گی جہاں وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی کا آج شام ایک بڑا روڈ شو کرنے کا پروگرام ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sushil Chandra Tiwari

ایسا پانچویں مرتبہ ہے جب سرکردہ BJP لیڈر نریندر مودی بنارس میں اپنے پارلیمانی حلقے کے ووٹروں کے درمیان میگا روڈ شو کریں گے۔ اس سے پہلے انھوں نے 2014 اور 2019 کے عام انتخابات اور 2017 اور 2022 کے آسمبلی انتخابات میں بھی روڈ شو کیا تھا۔
تقریباً پانچ کلومیٹر لمبا روڈشو آج شام چار بجے لنکا علاقے سے شروع ہوگا اور سُنار پورا،

جنگمہ باڑی، گیدولیا، بانس پھاٹک ہوتے ہوئے کاشی وشوناتھ دھام پرختم ہوگا۔ نریندر مودی
آج رات بنارس میں ہی رکیں گے اور کل اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے، وہیں
دوسری طرف سابق کانگریس صدر راہل گاندھی آج رائے بریلی میں اپنی بہن اور کانگریس
جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا کے ساتھ انتخابی مہم میں شریک ہوں گے۔
خبرنامے کے لیے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ

## J&K Srinagar Parliamentry  Constituency

جموں وکشمیر کے سری نگر پارلیمانی حلقے میں ووٹروں کی تعداد تقریباً 16 ہزار ہے۔یہاں جموں اور اودھم پور میں 23خصوصی پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ دلی میں بھی چار پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جموں اور اودھم پور میں کشمیری مائیگرنٹس کیلئے جو 23 پولنگ اسٹیشن ہیں، اُن میں سے دو پولنگ اسٹیشنوں کو امدادی پولنگ اسٹیشن کا نام دیا گیاہے۔اِن میں ایک پولنگ اسٹیشن بوہری علاقے میں Udheywala ہے اور دوسرا Chinore میں ہے۔

Chinore پولنگ اسٹیشن پر 2027 اورUdheywala پولنگ اسٹیشن پر 1859 ووٹرس ہیں۔جگتی قصبے میں کیمپ مڈل اسکول میں ایک پولنگ بوتھ کو، مثالی پولنگ بوتھ بنایا گیاہے۔

دیگر 20 پولنگ اسٹیشن، مختلف مائیگرنٹس کیمپوں اور ایسے علاقوں میں قائم کئے گئے ہیں، جہاں اس طرح کے مائیگرنٹس کیمپ نہیں ہیں۔ مائیگرنٹس اپنی پسند کے پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹ دے سکتے ہیں، جس کے لئے انہوں نے پہلے ہی اپنی رضامندی کا اظہار کردیاہے۔

اس کے علاوہ اودھم پور میں ایک خصوصی پولنگ اسٹیشن قائم کیا گیاہے جس پر 377 ووٹرس ہیں۔

مائیگرنٹس دلی کے AERO اروندکمار کے مطابق دلی میں چار پولنگ اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔یہاں 491 مائیگرنٹس ووٹرس ہیں۔

اِن چار خصوصی پولنگ مرکزوں میں سے ایک پولنگ مرکز پرتھوی راج دلی کے JK ہاؤس نمبر 5، دوسرا شالیمارباغ دلی، تیسرا دلشاد گارڈن دلی اور چوتھا نجف گڑھ NCR دلی میں قائم کیا گیاہے۔x

## Defence INS Kiltan

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ کل، INS Kiltan، ویتنام میں Cam Ranh خلیج پہنچ گیا اور ویتنام بحریہ اور بھارت کے سفارتخانے نے اِس کا گرم جوشی سے خیر مقدم کیا۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ یہ دورہ، بھارتی بحریہ کے مشرقی بیڑے کی، کارروائی سے متعلق تعیناتی کا حصہ ہے اور اِس دورے سے دونوں ملکوں کی بحریہ کے درمیان، دیرینہ دوستی اور تعاون کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔

اُس نے یہ بھی کہا کہ بھارت اور ویتنام کے درمیان جامع شراکت داری ہے اور دونوں ملکوں کے تعلقات اور بھی مضبوط ہوں گے۔ نیز بھارتی بحریہ کے جہاز کلتان کے اس دورے میں بہت سی سرگرمیوں پر توجہ دی گئی ہے، جن میں پیشہ وارانہ تال میل، اسپورٹنگ، سماجی تبادلے اور سماجی رابطے شامل ہیں، جس سے دونوں ملکوں کی بحریہ کے درمیان مشترکہ اقدار کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## Russia Defence Minister

روسی صدر ولادمیرپتن نے، سابق نائب وزیراعظم Andrei Belousov کا نام، ملک کے نئے وزیردفاع کے طور پر تجویز کیاہے۔ابھی تک اِس عہدے پر اُن کے دیرینہ حامی سرگئی شوئیگو فائز تھے۔جناب Belousov ایک ماہر اقتصادیات ہیں اور انہیں فوج کا مختصر تجربہ بھی حاصل ہے۔ جناب پتن، جناب شوئیگو کو روس کی طاقتور سلامتی کونسل کا سکریٹری بنانا چاہتے ہیں، جہاں فی الحال نکولائی پتروشیف فائز ہیں۔جناب پتن جناب شوئیگو کو فوج کے صنعتی کمپلیکس کی ذمہ داریاں بھی سونپنا چاہتے ہیں۔

کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے بتایا کہ اس تبدیلی کی یہ وجہ ہے کہ روس کی وہ صورتحال ہوتی جارہی ہے جو 1980 کے دہائی کے وسط میں سوویت یونین کی تھی،جب فوج اور قانون نافذ کرنے والے حکام، مجموعی گھریلو پیداوار سات اعشاریہ چار فیصد کے

ذمہ دار تھے۔

پسکوف نے بتایا کہ جناب پتن، وزارت دفاع میں ایک سول ماہر اقتصادیات کو مقرر کرنا چاہتے ہیں، جو اس بات کی یقین دہانی کیلئے ضروری ہے کہ ملک کے دفاعی اخراجات، ملک کی مجموعی معیشت کے مطابق ہوں۔x

## Tamil Nadu MP Death

تمل ناڈو میں، ناگاپٹنم کے ممبرپارلیمنٹ M Selvarasau کا آج صبح سویرے چنئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 67 برس کے تھے۔اُن کا، چنئی کے ایک اسپتال میں طویل عرصے سے علاج چل رہا تھا۔

وہ چار مرتبہ لوک سبھا کے ممبررہے اور CPI کے ایک طویل عرصے سے سینئر رکن تھے۔انہیں ناگاپٹنم سے 1989، 1996، 1998 اور 2019 میں منتخب کیا گیا تھا۔

وہ کسانوں کے معاملات میں پیش پیش رہے اور انہوں نے بھارتی جزیرۂ نما کے ضلعوں تک، ریل خدمات پہنچانے میں اہم رول ادا کیا۔

انہوں نے کافی کم عمر میں ہی کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی تھی اور انہوں نے جنوبی ہند کے ضلعوں میں بہت سی تحریکوں کی قیادت کی۔x

## Delhi Bomb Threat

دلّی کے آگ بجھانے والے عملے نے، دلی کے IGI ہوائی اڈے، منگول پوری علاقے میں سنجے گاندھی اسپتال اور براڑی میں سرکار اسپتال میں بم کے خطرے کو ایک افواہ قرار دیا ہے۔

دلی فائر سروس کے افسران کے مطابق اِن دو اسپتالوں اور دلی کے ایک ہوائی اڈے پر کل، بم کے خطرے سے متعلق ایک ای۔میل موصول ہوئی تھی، جس کے بعد پولیس کی ٹیموں، بم اسکویڈ اور ڈوگ اسکویڈ کو فوری طور پر موقع کے لیے روانہ کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ اِن جگہوں پر تلاش کی کارروائی کی گئی اور کوئی بھی مشتبہ چیز نہیں پائی گئی۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے تین سے چار روز کے دوران مشرقی، وسطی اور جنوبی جزیرۂ نما بھارت میں گرج چمک، بجلی اور زور دار ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق اِس مہینے کی 16 تاریخ سے شمال مشرقی بھارت میں شدید گرمی کے حالات پھر سے شروع ہونے کا امکان ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستا ن ، مظفر آباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کل تک اور راجستھان میں 16 مئی تک گرج چمک، بجلی اور شدید ہواؤں کے ساتھ دور دور تک بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق محکمے نے اترپردیش اور جنوبی راجستھان کے میدانی علاقوں میں آج چالیس کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے دھول بھری آندھی اور شدید ہواؤں کے چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

گرمی اور اُمس کے موسم کے تعلق سے IMDنے کہا ہے کہ اگلے پانچ روز کے دوران سوراشٹر اور Kutch خطے میں اِس طرح کے حالات رہنے کا اِمکان ہے۔

اِس دوران IMD نے دلی میں ہلکی بارش کے ساتھ عام طور پر آسمان ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ قومی راجدھانی میں آج زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔x

## Six Quota

پیرس اولمپک 2024میں بھارت کے چھ پہلوانوں نے اپنی جگہ بنالی ہے، جن میں پانچ خواتین شامل ہیں۔ ترکی کے شہر استنبول میں عالمی اولمپک کُشتی کوالیفائرز میں امن سہراوت اور نشا دہیا کی کامیابی کے بعد، پیرس اولمپک 2024میں بھارت کے پہلوانوں کی تعداد اب چھ تک پہنچ گئی ہے۔

اس سے پہلے ونیش پھوگاٹ 50 کلوگرام زمرے، Antim Panghal، 35 کلوگرام ، انشوملک 57 کلوگرام اور ریتکاہڈا نے 76 کلوگرام زمرے میں پیرس کھیلوں کیلئے، پہلے ہی کوالیفائی کرلیا تھا۔

ٹوکیو اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے بجرنگ پنیا اور چاندی کا تمغہ جیتنے والے روی کمار دہیا، کوالیفائرز کیلئے بھارتی کُشتی ٹیم میں شامل نہیں ہوسکے۔

پہلوانوں کیلئے استنبول میں جاری یہ مقابلہ پیرس اولمپک کیلئے حتمی کوالیفائنگ مقابلہ ہے۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کامقابلہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ KKR نے ہفتے کوممبئی انڈینس کو آسانی سے ہرا دیا تھا۔ اس طرح سے پلے آف میں پہنچنے والی یہ پہلی ٹیم بن گئی۔

بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرز بینگلورو نے Delhi Capitals کو 47 رن سے ہراکر Playoff کے لیے اپنی امیدیں برقرار رکھی ہیں۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے RCB نے 20 اوورز میں 9 وکٹ کے نقصان پر 187 رن بنائے تھے۔

ایک دیگر میچ میں چنئی سپر کنگس نے راجستھان رائلز پر پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی۔ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں جیت کے لیے 142 رن کے حصول کے لیے کھیلتے ہوئے چنئی نے 145 رن بناکر نشانہ حاصل کرلیا۔x

## یہ تھی خبریں

## GONG

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ رحمان

### شکریہ - اسلم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخباروں نے لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت 96 نشستوں پر پولنگ ہونے کی خبر کو بڑی خبر کے طور پر پیش کیاہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ اس خبر کو اولیت دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس مرحلے میں آندھرا پردیش کی 175 اسمبلی سیٹوں اور اڈیشہ کی 28 اسمبلی سیٹوں پر بھی ووٹنگ ہوگی۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندرمودی کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن ممکن نہیں۔ جناب مودی نے یہ بات مغربی بنگال کے صنعتی شہر بیرک پور میں BJP امیدوار ارجن سنگھ کے حق میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر کا یہ بیان بھی روزنامہ راشٹریہ سہارا کے اندرونی صفحے پر ہے کہ وزیراعظم ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کے ہدف کی سمت بڑھ رہے ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس،پرتاپ، راشٹریہ سہارا اور دیگر کئی اخباروں نے وزیرداخلہ امت شاہ کے اس بیان کو سرخی بنایاہے کہ پاک مقبوضہ کشمیر بھارت کا حصہ ہے، اسے واپس لیں گے۔

ملک کے کئی حصوں میں 16 مئی تک بارش کی پیشگوئی کی خبرکو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر پیش کیاہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ مشرقی وسطی جزیرہ نما اور شمال مغربی بھارت میں اگلے تین سے چار روز تک گرج چمک ،طوفان اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

دلی ممبئی ایکسپریس وے پر حادثے میں تین افراد کی موت اور 6 کے زخمی ہونے کی خبر کو بھی روزنامہ انقلاب سمیت کئی اخباروں نے پیش کیاہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے ووٹنگ شروع ہوگئی ہے۔

2 اس مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کی 96 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

3 اس کے ساتھ ہی آندھرا پردیش اور اڈیشہ میں آسمبلی کے انتخابات بھی کرائے جارہے ہیں۔

4 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم جاری ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندرمودی، بہار میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

5 چھ بھارتی پہلوانوں نے، پیرس اولمپکس میں جگہ بنائی ہے۔

6 اور آئی پی ایل کرکٹ میں
رائلس چیلنجرس بینگلورو نے دلی کیپٹلس کو 47 رن سے ہرایا۔اس طرح اُس نے پلے آف سےمتعلق اپنی امیدیں برقرا رکھی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---